بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ

فارماکوپیا

(قرابادین)

یونانی شفاخانہ طبیہ کالج لاہور

(انجمن حمایتِ اسلام)

فہرست مرکبات فارماکوپیا

یونانی شفاخانہ طبیہ کالج انجمن حمایت اسلام لاہور

نمبر شمار	نام مرکبات	صفحہ	نمبر شمار	نام مرکبات	صفحہ
1	اطریفل کشنیزی	7	21	حب وجع المفاصل	13
2	اطریفل زمانی	7	22	حب عجیب	14
3	اکسیر جگر	8	23	حب مدر حیض	14
4	اکسیر اوجاع	8	24	حب ملین	14
5	اکسیر ذیابیطس	8	25	حب کبد نوشادری	14
6	امروسیا	9	26	حب ایارج فیقرا	15
7	انقصابی	9	27	حب سعال نمبر2	15
8	تریاق نزلہ	9	28	حب سلاجیت	15
9	تریاق سوداء	10	29	حب تریاق بخار	16
10	جواہر مہرہ	10	30	حب ترک منشیات	16
11	جوہری کیپسول	10	31	خمیرہ گاؤزبان	16
12	جوارش آملہ	11	32	دوائے خردل	17
13	جوارش جالینوس	11	33	دوائے ابیض	17
14	جوارش کمونی	12	34	دوائے صدری	17
15	جوارش زرعونی	12	35	دوالمسک معتدل	17
16	حب شفاء	12	36	دوائے سمیٹ	17
17	حب زحیر شنگرفی	12	37	دوائے جھاڑ	18
18	حب بزرالبنج	13	38	سفوف مویا	18
19	حب کرنجوہ	13	39	سفوف اسطوخودوس	18
20	حب مقل	13	40	سفوف جدوار	18

نمبر شمار	نام مرکبات	صفحہ
41	سفوف عجیب	19
42	سفوف سعال	19
43	سفون عجیب	19
44	سفوف سرطان محرق	19
45	سفوف حابس الدم	20
46	سفوف دیدان	20
47	سفوف مفرح	20
48	سفوف مدر	20
49	سفوف سیلان	21
50	سفوف طیب	21
51	سفوف چٹکی اطفال	21
52	سفوف رال	21
53	سفوف مقل	22
54	سفوف مسہزل	22
55	سفوف مصفی	22
56	سفوف تبخیری	22
57	سفوف آزاراقی	23
58	سفوف جالینوس	23
59	سفوف برص	23
60	سفوف مغلظ	24
61	سفوف کاکڑاسنگی	24
62	سفوف قلاع	24
63	سفوف اورام حلق	24
64	سفوف طباشیر	25
65	سفوف جوہر معدہ	25
66	سفوف ضماد اورام احشاء	25
67	سفوف سوزاک کہنہ	25
68	سفوف آملہ	26
69	سفوف زرنباد	26
70	سفوف عقر	26
71	سفوف بدھارا	26
72	سفوف گیسو دراز	27
73	قرص حابس الدم	27
74	قرص ذیابیطس	27
75	تیروطی آرد کرسنہ جدید	27
76	کشتہ فولاد	28
77	کشتہ بیخ مرجان	28
78	کشتہ صدف مروارید	28
79	کشتہ ابرک سیاہ	29
80	کشتہ سہ دھاتہ	29
81	کشتہ بیضہ مرغ	29
82	کشتہ قرن الایل	29
83	کشتہ سنکھ	29
84	کشتہ سنگ جراحت	30
85	کشتہ ابرک سفید	30
86	کشتہ قلعی	30
87	کشتہ حجر الیہود	30
88	کحل مجلی	30
89	کحل مقوی	30
90	لعوق سپستان	31
91	معجون ملین	31
92	معجون عشبہ	31
93	معجون فلاسفہ	32
94	معجون دبید الورد	32

نمبر شمار	نام مرکبات	صفحہ
95	معجون سورنجان	32
96	معجون آزاراقی	33
97	مرہم داخلیون	33
98	مرہم کافوری	34
99	مرہم رال	34
100	مرہم گندھک	34
101	مرہم سیماب	34
102	محلول شفاء (روغن عجیب)	35
103	محلول سنون	35
104	محلول چشم	35
105	روغن جرب خاص	35
106	روغن وجع المفاصل	36
107	روغن نیم	36
108	روغن گوش	36
109	روغن رتن جوت	36
110	خارش پوڈر	37
111	عرق گلاب	37
112	عرق مصفی خون	37
113	عرق ہاضم	37
114	جوشاندہ نزلہ حار نمبر1	37
115	جوشاندہ نزلہ بارد نمبر2	37

نمبر شمار	نام مرکبات	صفحہ
116	جوشاندہ دُلل شکم نمبر3	37
117	جوشاندہ ضیق النفس نمبر4	37
118	جوشاندہ خاکسی نمبر5	37
119	جوشاندہ مصفی نمبر6	38
120	جوشاندہ وجع المفاصل نمبر7	38
121	جوشاندہ مدر حیض نمبر8	38
122	جوشاندہ ڈوش نمبر9	38
123	جوشاندہ ورم رحم و سیلان نمبر10	39
124	جوشاندہ فشارالدم قوی نمبر11	39

ضمیمہ

نام	صفحہ
مجربات حکیم محمد منظور احمد ملک صاحب جنرل سیکرٹری پاکستان طبی کانفرنس لاہور	41-40
مجربات حکیم سید محمد مسعود صاحب بی اے	43-42
مجربات حکیم سید امین الدین احمد صاحب	44-43
حکیم سید لیاقت سعید بی اے فاضل الطب والجراحت زم زم دواخانہ ہسپتال روڈ۔لاہور	46-44
حکیم محمد سعید حسن نظامی دہلوی	48-46

(1) اطریفل کشنیزی

پوست ہلیلہ زرد 100 گرام۔ پوست ہلیلہ کابلی 100 گرام۔ ہلیلہ سیاہ 100 گرام۔ آملہ مقشر 100 گرام۔ گل سرخ صاف 100 گرام۔ اسطوخودوس 100 گرام۔ کشنیز خشک 500 گرام۔ ترنجبین خراسانی 400 گرام۔ روغن بادام 150 گرام۔ شہد خالص 2 کلو 200 گرام۔ قند سفید 1 کلو 200 گرام۔ یا صرف قند سفید 3 کلو 300 گرام

ترکیب تیاری: ترنجبین کے علاوہ جملہ ادویہ کا سفوف تیار کریں۔ روغن بادام سفوف میں شامل کر کے چرب کریں۔ ترنجبین کو 2 کلو گرم پانی میں بھگوئیں صبح مل چھان کر نتھار لیں اور اس پانی میں شہد و قند شامل کر کے قوام تیار کریں اور حسب معمول چرب شدہ ادویہ قوام ٹھنڈا ہونے پر شامل کریں۔ خشک شدہ جار میں محفوظ کریں۔

مقدار خوراک: 6 گرام سے 10 گرام تک ہمراہ عرق گاؤزبان یا مناسب بدرقہ۔

فوائد: مانع تبخیر معدہ۔ مقوی دماغ ہے۔ اکثر اقسام صداع۔ امراض چشم میں مفید ہے۔ نیز قبض اور بواسیر میں بھی مفید ہے۔

(2) اطریفل زمانی

تربد سفید مجوف 100 گرام۔ کشنیز خشک 100 گرام۔ پوست ہلیلہ زرد 50 گرام۔ پوست ہلیلہ کابلی 50 گرام۔ ہلیلہ سیاہ 50 گرام۔ سقمونیا ولائتی 50 گرام۔ گل بنفشہ 50 گرام۔ پوست بلیلہ 25 گرام۔ آملہ مقشر 25 گرام۔ طباشیر اصلی 25 گرام۔ گل سرخ صاف 25 گرام۔ گل نیلوفر صاف 25 گرام۔ صندل سفید 15 گرام۔ کتیرا گوند 15 گرام۔ روغن بادام 150 گرام۔ قند سفید 600 گرام۔ شہد 600 گرام۔ شیرہ مربہ ہلیلہ خود رنگ 900 گرام۔

ترکیب تیاری: (عناب 175 گرام۔ سپستان 175 گرام۔ گل بنفشہ 50 گرام) جوشاندہ تیار کریں۔ سقمونیا ولایتی مشوی کے سوا باقی جملہ ادویات کا سفوف تیار کریں۔ سقمونیا سفوف میں شامل کریں۔ روغن بادام شامل کر کے چرب کریں۔ جوشاندہ کا پانی 1/4 کلو ہونا چاہیے۔ جوشاندہ کو ایک کلو پانی میں بھگویا جائے۔ جوشاندہ میں قند و شہد شیرہ مربہ ہلیلہ خودرنگ شامل کر کے قوام بنائیں اور حسب معمول ادویہ کا سفوف شامل کریں۔

مقدار خوراک: 5 گرام سے 9 گرام تک ہمراہ مناسب بدرقہ۔ اگر دست لانا (اسہال) مقصود ہو تو 10 گرام سے 20 گرام تک۔

فوائد: تنقیہ دماغ۔ مالیخولیا۔ دردسر۔ قولنج اور تبخیر میں مفید ہے۔ اگر اس کی مداومت کی جائے تو نزلہ کے ازالہ کے لئے نافع ہے۔ یہ اکثر مزاجوں میں موافق آتا ہے۔ اس کی قوت دو سال تک قائم رہتی ہے۔

3-اکسیر جگر

ریوند خطائی 100 گرام۔ نوشادر ٹھیکری 100 گرام۔ شورہ قلمی 100 گرام۔ باریک سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: چوتھائی تا آدھا گرام ہمراہ تازہ پانی۔

فوائد: ضعف جگر۔ سوء القینہ وغیرہ میں مفید ہے۔

4-اکسیر اوجاع

سورنجان شیریں 100 گرام۔ کشنیز 100 گرام۔ اسگند ناگوری 100 گرام۔ مغز کرنجوہ 100 گرام۔ کشتہ قرن الایل 100 گرام۔ شب یمانی سفید بریان 100 گرام۔ باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: آدھا تا ایک گرام ہمراہ آب تازہ

فوائد: اوجاع عامہ میں مفید ہے۔

5-اکسیر ذیابیطس

چاکسو 100 گرام۔ گلنار 100 گرام۔ تخم جامن 100 گرام۔ تخم کریلہ خشک 100 گرام۔ زنجبیل 100 گرام۔ پوست ہلیلہ زرد 100 گرام

مقدار خوراک: 1 تا 3 گرام باریک سفوف سازند ہمراہ آب تازہ بخوانند

فوائد: ذیابیطس کے لئے مفید ہے۔

6-امروسیا

شورہ قلمی 250 گرام۔ نوشادر ٹھیکری 60 گرام۔ سہاگہ سفید 60 گرام۔ سنگ یہود 60 گرام۔ پوست ریٹھہ 21 عدد۔ جو کھار 60 گرام۔ بلادر (پھلانواں) 125 گرام

ترکیب تیاری: شورہ قلمی۔ پوست ریٹھہ۔ اور بلادر کے سوا باقی جملہ ادویہ کا علیحدہ علیحدہ سفوف تیار کریں شورہ قلمی کو کڑاہی میں ڈال کر آگ جلائیں پگھلنے پر باری باری ایک ایک دوا شامل کر کے پوست ریٹھہ اور بلادر ایک ایک عدد شامل کرتے جائیں اور ہلاتے رہیں آگ تیز رکھیں تمام بلادر و پوست ریٹھہ ختم ہونے پر یکجان ہو جائیں تو کڑاہی کو اتار کر ٹھنڈا ہونے پر دوا نکال کر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

نوٹ: بلادر شامل کرتے وقت اس کے دھواں سے سخت احتیاط کریں دوا کھلی جگہ تیار کریں۔ نیز ہوا کی نمی سے دوا کو محفوظ رکھیں تاکہ اس سے دوا گیلی نہ ہو۔

مقدار خوراک: 2 گرین ہمراہ مناسب بدرقہ

فوائد: سنگ گردہ۔ سنگ مثانہ۔ سنگ مرارہ۔ احتباس طمث۔ حرقتہ البول۔ عظم غدہ قدامیہ وغیرہ۔ اور دیگر وبائی امراض میں یہ نسخہ معروف طبی کتاب "طبی ماتہ عامل" میں درج ہے اور اس کے فوائد بھی اس کتاب میں بے شمار درج ہیں دوا تیار کر کے استعمال کریں۔

7-انتصابی

اجوائن دیسی 50 گرام۔ اجوائن خراسانی مصفی 50 گرام۔ نمک طعام 50 گرام۔ سنکھیا سفید 10 گرام۔ جنگلی کبوتر 1 عدد میں حسب معمول دوا تیار کریں۔

مقدار خوراک: آدھا گرین تک ہمراہ مویز منقہ یا مناسب بدرقہ

فوائد: برائے ضیق النفس بلغمی

8-تریاق نزلہ

اسطو خودوس 20 گرام۔ گل گاؤ زبان 20 گرام۔ حب الآس 30 گرام۔ کشنیز خشک 30 گرام۔ تخم کاہو 60 گرام۔ بزرا لبنج۔ 100 گرام۔ کوکنار 100 گرام۔ خشخاش 120 گرام۔ جوشاندہ بنائیں۔

قند سفید 1 کلو 200 گرام شامل کر کے قوام تیار کریں۔
(گل سرخ 20 گرام۔ کشنیز 20 گرام۔ رب السوس 20 گرام۔ نشاستہ 20 گرام۔ صمغ عربی 20 گرام۔
کتیرا 20 گرام۔ مرکی 20 گرام) سفوف بنا کر مندرجہ بالا قوام میں شامل کر کے خمیرہ کی طرح گھوٹ لیں۔

مقدار خوراک: 5 گرام صبح و شام ہمراہ مناسب بدرقہ

فوائد: نزلہ سعال میں مفید ہے نزلہ دائمی میں زیادہ عرصہ استعمال کریں۔

9- تریاق سوداء

گندھک آملہ سار مصفی۔ دانہ الائچی خرد ہموزن سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: آدھا گرام سے ایک گرام تک ہمراہ آب تازہ یا دودھ

فوائد: مصفی خون۔ حرقتہ البول وغیرہ میں مفید ہے۔

10- جواہر مہرہ

یاقوت سرخ 4 گرام۔ کہربا شمعی 4 گرام۔ عنبرا شب 4 گرام۔ گل گاؤ زبان 4 گرام۔ زعفران 3 گرام۔
مروارید 4 گرام۔ دانہ الائچی خرد 15 گرام۔ طباشیر 15 گرام۔ روح گلاب 300 گرام۔ زہر مہرہ خطائی 15
گرام۔ ست سلاجیت 15 گرام۔ ایک ہفتہ کھرل کریں۔

مقدار خوراک: 4 چاول سے 1 رتی تک ہمراہ مناسب بدرقہ

فوائد: مقوی اعضا رئیسہ، مقوی قویٰ۔

11- جوہری کیپسول

بمطابق قرابادین تیار کریں۔

مقدار خوراک و فوائد: ایک چاول سے دو چاول کیپسول میں بند کر کے استعمال کرائیں۔ آتشک و
مزمن امراض خون میں مفید ہے۔

12۔ جوارش آملہ

آملہ مقشر 450 گرام۔ پوست ترنج 90 گرام۔ صندل سفید 90 گرام۔ مصطگی رومی 45 گرام۔ الائچی خرد 90 گرام۔ پوست بیرون پستہ 90 گرام۔ قند سفید 6 کلو 750 گرام حسب معمول جوارش تیار کریں۔

مقدار خوراک: 7 گرام سے 9 گرام تک صبح و شام ہمراہ عرق گاؤ زبان یا آب تازہ

فوائد: ضعف معدہ کی شکایت کو دور کر کے معدہ کو قوی بناتی دل کو تقویت دیتی اور اختلاج قلب کو مفید ہے۔ تبخیر کو روکتی اور صفراوی دستوں کو بند کرتی ہے۔

13۔ جوارش جالینوس

سنبل الطیب 25 گرام۔ الائچی خرد 25 گرام۔ تج 25 گرام۔ دار چینی 25 گرام۔ خولنجان 25 گرام۔ قرنفل 25 گرام۔ سعد کوفی 25 گرام۔ زنجبیل 25 گرام۔ فلفل سیاہ 25 گرام۔ فلفل دراز 25 گرام۔ قسط شیریں 25 گرام۔ عود بلسان 25 گرام۔ اسارون 25 گرام۔ حب آلاس 25 گرام۔ چرائتہ شیریں 25 گرام۔ زعفران مونگرہ اعلیٰ 25 گرام۔ مصطگی رومی 60 گرام۔ قند سفید 500 گرام۔ شہد خالص 1 کلو۔ پانی تازہ 250 گرام مصطگی رومی کو علیحدہ کھرل کر کے جملہ ادویہ کو سفوف میں شامل کریں زعفران کھرل کر کے قوام میں شامل کریں۔

مقدار خوراک: 5 گرام سے 7 گرام تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: معدہ کی شکایات کے لئے خاص دوا ہے۔ اعضاء میں چستی و طاقت پیدا کرتی ہے۔ بد ہضمی ریاح کو دور کرتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی بواسیر کے لئے مفید ہے۔ بلغمی کھانسی۔ بھوک بڑھاتی باہ کو قوت دیتی ہے۔ سر کے بال قبل از وقت سفید نہیں ہونے دیتی۔

نوٹ: زعفران کو دھوپ میں خشک کر کے کھرل کر کے عرق گلاب اصلی میں حل کر کے قوام میں شامل کریں اور قوام ٹھنڈا ہونے پر سفوف قوام میں شامل کریں۔

14-جوارش کمونی ملین

زیرہ سیاہ اصلی مدبر بریان 1 کلو۔ تربد سفید مجوف 400 گرام۔ افتیمون ولایتی 300 گرام۔ زنجبیل 150 گرام۔ فلفل سیاہ 150 گرام۔ فلفل دراز 150 گرام۔ پودینہ مصفی 75 گرام۔ برگ سداب مصفی 75 گرام۔ صعتر فارسی مصفی 75 گرام۔ سرکہ انگوری 3 بوتل۔ روغن بادام 50 گرام۔ قند سفید 6 کلو۔ شہد خالص 2 کلو۔ پانی 2 کلو قوام بنا کر ادویات سفوف شدہ شامل کریں۔

زیرہ سیاہ کو سرکہ میں رات بھگو دیں 2 روز بعد دھوپ میں خشک کر کے بریاں کر کے سفوف میں شامل کریں یعنی ادویات کے ساتھ سفوف بنائیں احتیاط سے بریاں کریں جلنے نہ پائے۔

مقدار خوراک و فوائد: 7 گرام سے 10 گرام ہمراہ مناسب بدرقہ: معدہ کے اکثر امراض مثلاً بدہضمی، اپھارہ، گیس، قبض، ترش ڈکاروں کو مفید ہے۔

15-جوارش زرعونی سادہ

ترکیب تیاری۔ مقدار خوارک۔ فوائد۔ بمطابق (قرابادین) حصہ دوم حکیم علامہ کبیر الدین صاحب

16-حب شفاء

تخم جوزماثل سیاہ 75 گرام۔ ریوند چینی 50 گرام۔ زنجبیل 25 گرام۔ صمغ عربی 25 گرام۔ حسب معمول حب نخود سازند

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ

فوائد: درد سر، درد عصبہ، حمی کہنہ وغیرہ افیون کی عادت چھڑاتی ہے ترک منشیات میں مفید ہے۔

17-حب زحیر شنگرفی

مصطگی رومی 10 گرام۔ شنگرف رومی 10 گرام۔ کوکنار 20 گرام۔ سہاگہ سفید بریاں 10 گرام۔ حب بقدر فلفل سیاہ تیار کریں۔

مقدار خوراک: 1-1 گولی صبح و شام ہمراہ مناسب بدرقہ

فوائد: خونی زحیر صادق میں مفید ہے۔

18-حب بزر البنج

اجوائن خراسانی 100 گرام۔ خشک کافور 25 گرام۔ صمغ عربی 25 گرام خوب باریک پیس کر حب نخود سازند

مقدار خوراک: 1 تا 2 گرام صبح و شام یا شب ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں

فوائد: جریان احتلام زکاوت حس کے لئے کامیاب دوا ہے۔
غیر شادی شدہ عورتوں کے مرض سیلان میں بھی مفید ہے۔

19- حب کربخوہ

مغز کربخوہ 50 گرام۔ اتیس شیریں 40 گرام۔ فلفل دراز 40 گرام۔ فلفل سیاہ 40 گرام۔ پھٹکڑی سفید بریاں 25 گرام۔ سہاگہ سفید بریاں 25 گرام۔ آب لیموں 100 گرام۔ سفوف بنا کر آب لیموں شامل کر کے کھرل کریں حب نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: 1 سے 2 گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: موسمی بخاروں و ملیریا بخار میں مفید ہیں۔

20- حب مقل

مقل صاف۔ رسوت اصلی صاف۔ مغز ریٹھہ۔ پوست ریٹھہ۔ ہم وزن حب نخود تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: 1 گولی تا 2 گولی دن میں تین بار

فوائد: بواسیر خونی و بادی میں مفید ہے۔ قبض کشا ہے۔

21- حب وجع المفاصل

سورنجان شیریں 50 گرام۔ مصبر زرد 50 گرام۔ پوست ہلیلہ زرد 50 گرام۔ تربد سفید مجوف 50 گرام۔

برگ سنا مکی 50 گرام۔ عرق بادیان بقدر ضرورت حب نخود سازند

مقدار خوراک: 1 سے 2 گولی ہمراہ عرق بادیان یا آب تازہ

فوائد: وجع المفاصل بلغمی کے لئے مفید ہے۔

22- حب عجیب

خولنجان 30 گرام۔ بہمن سفید 30 گرام۔ سفوف کچلہ مدبر 30 گرام۔ فلفل سیاہ 30 گرام۔ زعفران 10 گرام۔ گوند کیکر 10 گرام۔ حب نخود سازند

مقدار خوراک: 1-1 گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ یا مناسب بدرقہ۔

فوائد: مقوی اعصاب اکثر امراض۔

23- حب مدر حیض

اسارون 100 گرام۔ مرمکی 100 گرام۔ مصبر زرد 100 گرام۔ حب نخود سازند۔

مقدار خوراک: 1 سے 2 گولی صبح و شام ہمراہ دودھ۔

فوائد: عسر الطمث میں بھی مفید ہیں۔

24- حب ملین

سقمونیا ولایتی 50 گرام۔ مغز بادام 50 گرام۔ مویز منقہ 50 گرام۔ حب نخود سازند۔

مقدار خوراک: 1 سے 2 گولی رات سوتے وقت ہمراہ دودھ۔

فوائد: بے ضرر ملین دوا ہے۔

25- حب کبد نوشادری

پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ کچور۔ باؤ بڑنگ۔ سہاگہ

سفید بریاں۔ نوشادر ٹھیکری۔ نمک سانبھڑ۔ نمک طعام۔ نمک سیاہ۔ گوند کیکر۔ ہموزن باریک سفوف ساز ند گوند کیکر کے لعاب میں حب نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: 2-2 گولی صبح و شام بعد از غذاء ہمراہ آب تازہ

فوائد: سوہضم۔ ضعف ہضم۔ جگر کے امراض میں مستعمل ہیں۔

26-حب ایارج فیقرا

سنبل لطیب 10 گرام۔ دارچینی 10 گرام۔ تج 10 گرام۔ عود بلسان 10 گرام۔ مصطگی رومی 10 گرام۔ اسارون 10 گرام۔ زعفران 10 گرام۔ مصبر سیاہ 160 گرام۔ حب نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: 1 گولی سے 2 گولی تک ہمراہ آب نیم گرم۔

فوائد: دماغ اور سارے بدن کو رطوبات فاسدہ سے پاک کرتی ہے۔

27-حب سعال نمبر2

پوست ہلیلہ زرد۔ گل پستہ۔ آب ادرک ہم وزن حب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک: 1 گولی سے 2 گولی ہمراہ آب تازہ

فوائد: سعال بلغمی و ضیق النفس میں مفید ہے۔

28-حب سلاجیت

ست سلاجیت۔ طباشیر۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ فولاد ہموزن کھرل کر کے آب تازہ کی مدد سے حب نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: 1-1 گولی صبح و شام ہمراہ دودھ

فوائد: ضعف عام۔ جریان و احتلام

29-حب تریاق بخار

طباشیر 50 گرام۔ دانہ الائچی خرد 50 گرام۔ ست گلو 50 گرام۔ زہر مہرہ خطائی 150 گرام۔ مشک کافور 12 گرام۔ کونین 25 گرام۔ حب نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: 1 سے 2 گولی ہمراہ دودھ۔

فوائد: موسمی بخاروں میں مفید ہے۔

30-حب ترک منشیات

بلادر 250 گرام۔ قند سفید 125 گرام۔ گوند کیکر 60 گرام۔ کچلہ مدبر 50 گرام۔ تخم جوز ماثل 50 گرام۔ تخم اسپند 50 گرام۔ اجوائن خراسانی 40 گرام۔ مغز جائفل 100 گرام۔ جاوتری 50 گرام۔ دانہ الائچی خرد 40 گرام۔ گھی دیسی 50 گرام۔ حب نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: 1-1 گولی صبح دوپہر شام ہمراہ دودھ

فوائد: ترک منشیات۔ افیون۔ ہیروئن وغیرہ

31-خمیرہ گاؤ زبان سادہ

برگ گاؤ زبان 150 گرام۔ گل گاؤ زبان 50 گرام۔ کشنیز 50 گرام۔ ابریشم مقرض 50 گرام۔ بہمن سرخ 50 گرام۔ بہمن سفید 50 گرام۔ صندل سفید 50 گرام۔ تخم بالنگو 50 گرام۔ بادر نجبویہ 50 گرام تخم فرنجمشک 50 گرام۔ قند سفید 4 کلو۔ شہد خالص 1 کلو۔ حسب دستور خمیرہ تیار کریں خوب گھوٹیں۔

مقدار خوراک: 10 گرام تک ورق نقرہ میں لپیٹ کر صبح کے وقت ہمراہ عرق گاؤ زبان یا مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

فوائد: یہ خمیرہ دل و دماغ کو قوی کرتا ہے۔ وحشت۔ گھبراہٹ اور پیاس کو کم کرتا ہے۔ مفرح ہے بینائی قائم رکھتا ہے۔

32- دوائے خردل

خردل بنارسی (رائی) 150 گرام۔ سہاگہ سفید بریاں 50 گرام۔ سفوف سازند۔

فوائد و مقدار خوراک: عظم للطحال میں مفید ہے۔ 1 سے 2 گرام تک بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

33- دوائے ابیض

ہڑتال گئو ونتی سفید کو سوختہ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گرین سے 3 گرین تک ہمراہ آب تازہ

فوائد: نزلہ زکام۔ حمی یومیہ میں مفید ہے۔

34- دوائے صدری

کاکڑا سنگی 250 گرام۔ کشتہ بارہ سنگھا 50 گرام۔ کشتہ ابرک سیاہ 50 گرام باہم ملا کر کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک و فوائد: 1 گرین تا 1 گرام سے 2 گرین ہمراہ مناسب بدرقہ ذات الجنب۔ ذات الریہ وامراض ششش وغیرہ میں مفید ہے۔

35- دوالمسک معتدل سادہ: نسخہ۔ مقدار خواک۔ فوائد ترکیب استعمال

بمطابق قرابادین (بیاض کبیر حصہ دوم)

36- دوائے سمیٹ

پوست انار۔ ہیراکیس۔ مازو سبز۔ مائیں خرد۔ گچ کہنہ۔ ہموزن باریک سفوف تیار کریں۔ حسب دستور مستورات کو استعمال کرائیں۔

32- دوائے خردل

خردل بناری (رائی) 150 گرام۔ سہاگہ سفید بریاں 50 گرام۔ سفوف سازند۔

فوائد و مقدار خوراک: عظم طحال میں مفید ہے۔ 1 سے 2 گرام تک بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

33- دوائے ابیض

ہڑتال گئو دنتی سفید کو سوختہ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک گرین سے 3 گرین تک ہمراہ آب تازہ

فوائد: نزلہ زکام۔ تپ یومیہ میں مفید ہے۔

34- دوائے صدری

کاکڑا سنگی 250 گرام۔ کشتہ بارہ سنگھا 50 گرام۔ کشتہ ابرک سیاہ 50 گرام باہم ملا کر کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک و فوائد: 1 گرین تا 1 گرام سے 2 گرین ہمراہ مناسب بدرقہ ذات الجنب۔ ذات الریہ وامراض ششش وغیرہ میں مفید ہے۔

35- دوالمسک معتدل سادہ: نسخہ۔ مقدار خواک۔ فوائد ترکیب استعمال

بمطابق قرابادین (بیاض کبیر حصہ دوم)

36- دوائے سمیٹ

پوست انار۔ ہیرا کیس۔ مازو سبز۔ مائیں خرد۔ گچ کتھ۔ ہموزن باریک سفوف تیار کریں۔ حسب دستور مستورات کو استعمال کرائیں۔

41- سفوف عجیب

چھوٹی چندن 200 گرام۔ (اسرول) کشنیز خشک 200 گرام۔ چوب چینی 100 گرام باریک سفوف سازند

مقدار خوراک و فوائد: آدھا گرام سے 1 گرام تک ہمراہ آب تازہ ہائی بلڈ پریشر۔ صرع۔ اختناق الرحم میں مفید ہے۔

42- سفوف سعال

صمغ عربی 100 گرام۔ کیترا گوند 100 گرام۔ رب السوس 100 گرام۔ کاکڑا سنگی 100 گرام۔ تخم بالنگا سیاہ 100 گرام۔ تخم کتان 100 گرام۔ شکر تیغال 100 گرام۔ نوشادر ٹھیکری 100 گرام۔ قند سفید 400 گرام۔ باریک سفوف سازند

مقدار خوراک و فوائد: آدھا گرام سے 2 گرام تک ہمراہ شربت یا آب تازہ یا بنفشہ ہر قسم کے سعال میں مفید ہے۔

43- سنون عجیب

قرنفل 100 گرام۔ سمندر جھاگ 100 گرام۔ زنجبیل 100 گرام۔ ست پودینہ 10 گرام۔ باریک مانند غبار سنون بنا لیں

فوائد: بقدر ضرورت لے کر دانتوں پر ملیں۔ اوجاع اسنان میں مفید ہے۔

44- سفوف سرطان محرق

سرطان کو حسب معمول احراق کر کے باریک سفوف تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: آدھا گرام سے ایک گرام تک ہمراہ مناسب بدرقہ

فوائد: امراض شش میں مفید ہے مرض سل دق میں خصوصاً استعمال کرائیں۔

45- سفوف حابس الدم

گیرو 100 گرام- سنگ جراحت 100 گرام- مازو سبز 100 گرام- گلنار 100 گرام- باریک سفوف سازند

مقدار خوراک: 1 گرام سے 2 گرام تک ہمراہ شربت انجبار- شربت انار یا آب تازہ-

فوائد: کثرت طمث- استحاضہ- رعاف وغیرہ میں مفید ہے-

46- سفوف دیدان

باؤ بڑنگ 100 گرام- کمیلہ 100 گرام- باؤ کمبھ 100 گرام- تربد سفید مجوف 100 گرام- نمک طعام 100 گرام- پوست ہلیلہ زرد 100 گرام- پلاس پاپڑہ 100 گرام-

مقدار خوراک: ایک گرام سے تین گرام تک ہمراہ آب تازہ

فوائد: قاتل و مخرج دیدان

47- سفوف مفرح

کشنیز 100 گرام- صندل سرخ 100 گرام- گل نیلوفر 100 گرام- گل گاؤ زبان 100 گرام- گل سرخ 100 گرام- الائچی خرد مصطگی 100 گرام- بادر نجبویہ 100 گرام- آملہ 100 گرام- طباشیر 100 گرام- زرنباد 100 گرام- باریک سفوف تیار کریں-

مقدار خوراک: آدھا گرام سے ایک گرام تک ہمراہ مناسب بدرقہ

فوائد: مفرح قلب و دماغ- السر- ضعف معدہ وغیرہ-

48- سفوف مدر

شورہ قلمی 200 گرام- ریوند چینی 200 گرام- جوکھار 200 گرام- زیرہ سفید 200 گرام- قند سفید 400 گرام- باریک سفوف سازند

مقدار خوراک: ایک گرام سے 3 گرام تک ہمراہ شربت بزوری یا مناسب بدرقہ

فوائد: مدر بول و حیض ہے- سوزش بول وغیرہ میں مفید ہے-

49- سفوف سیلان

گل دھاوا 250 گرام۔ گل سپاری 250 گرام۔ موچرس 250 گرام۔ کمرکس 250 گرام۔ قند سفید 250 گرام۔

مقدار خوراک: 1 گرام سے 3 گرام تک ہمراہ دودھ یا مناسب بدرقہ۔

فوائد: سیلان الرحم میں مفید ہے۔

50- سفوف طیب

لوبان کوڑیہ 500 گرام۔ کشتہ سنکھ 50 گرام۔

مقدار خوراک: 1/4 گرام تا 1/2 گرام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

فوائد: حمی۔ بول فی الفراش میں مفید ہے۔

51- سفوف چٹکی اطفال

پوست ہلیلہ زرد 100 گرام۔ زرد نباد 100 گرام۔ ریوند خطائی 100 گرام۔ سوڈا خوردنی 50 گرام۔ باریک سفوف سازند۔

مقدار خوراک: آدھا گرام صبح دوپہر شام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

فوائد: نافع بدہضمی۔ سبز اسہال وغیرہ میں مفید ہے۔

52- سفوف رال

رال سفید 50 گرام۔ سنگ جراحت 50 گرام۔ دانہ الائچی کلاں 50 گرام۔ کباب چینی 50 گرام۔ بیروزہ خشک 50 گرام۔ خار خسک خرد 50 گرام۔ قند سفید 100 گرام باریک سفوف سازند 50 گرام۔

مقدار خوراک: 1 گرام سے 3 گرام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

45- سفوف حابس الدم

گلنار 100 گرام۔ باریک سفوف سازند
گیرو 100 گرام۔ سنگ جراحت 100 گرام۔ مازو سبز 100 گرام۔

مقدار خوراک: 1 گرام سے 2 گرام تک ہمراہ شربت انجبار۔ شربت انار یا آب تازہ۔

فوائد: کثرت طمث۔ استحاضہ۔ رعاف وغیرہ میں مفید ہے۔

46- سفوف دیدان

باؤ بڑنگ 100 گرام۔ کمیلہ 100 گرام۔ باؤ کمبھہ 100 گرام۔ تربد سفید مجوف 100 گرام۔ نمک طعام 100 گرام۔ پوست ہلیلہ زرد 100 گرام۔ پلاس پاپڑہ 100 گرام۔

مقدار خوراک: ایک گرام سے تین گرام تک ہمراہ آب تازہ

فوائد: قاتل و مخرج دیدان

47- سفوف مفرح

کشنیز 100 گرام۔ صندل سرخ 100 گرام۔ گل نیلوفر 100 گرام۔ گل گاؤ زبان 100 گرام۔ گل سرخ مصفی 100 گرام۔ بادر نجبویہ 100 گرام۔ آملہ 100 گرام۔ طباشیر 100 گرام۔ زرنباد 100 گرام۔ الائچی خرد 100 گرام۔ باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: آدھا گرام سے ایک گرام تک ہمراہ مناسب بدرقہ

فوائد: مفرح قلب و دماغ۔ السر۔ ضعف معدہ وغیرہ۔

48- سفوف مدر

شورہ قلمی 200 گرام۔ ریوند چینی 200 گرام۔ جوکھار 200 گرام۔ زیرہ سفید 200 گرام۔ قند سفید 400 گرام۔ باریک سفوف سازند

مقدار خوراک: ایک گرام سے 3 گرام تک ہمراہ شربت بزوری یا مناسب بدرقہ

فوائد: مدر بول و حیض ہے۔ سوزش بول وغیرہ میں مفید ہے۔

49- سفوف سیلان

گل دھاوا 250 گرام۔ گل سپاری 250 گرام۔ موچرس 250 گرام۔ کرکس 250 گرام۔ قند سفید 250 گرام۔

مقدار خوراک: 1 گرام سے 3 گرام تک ہمراہ دودھ یا مناسب بدرقہ۔

فوائد: سیلان الرحم میں مفید ہے۔

50- سفوف طیب

لوبان کوڑیہ 500 گرام۔ کشتہ سنکھ 50 گرام۔

مقدار خوراک: 1/4 گرام تا 1/2 گرام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

فوائد: حمی۔ بول فی الفراش میں مفید ہے۔

51- سفوف چٹکی اطفال

پوست ہلیلہ زرد 100 گرام۔ زرد نباد 100 گرام۔ ریوند خطائی 100 گرام۔ سوڈا خوردنی 50 گرام۔ باریک سفوف سازند

مقدار خوراک: آدھا گرام صبح دوپہر شام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

فوائد: نافع بدہضمی۔ سبز اسہال وغیرہ میں مفید ہے۔

52- سفوف رال

رال سفید 50 گرام۔ سنگ جراحت 50 گرام۔ دانہ الائچی کلاں 50 گرام۔ کباب چینی 50 گرام۔ بیروزہ خشک 50 گرام۔ خار خسک خرد 50 گرام۔ قند سفید 100 گرام باریک سفوف سازند 50 گرام۔

مقدار خوراک: 1 گرام سے 3 گرام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

فوائد: دافع سوزاک

53- سفوف مقل

پوست ہلیلہ زرد 300 گرام۔ پوست ہلیلہ کابلی 300 گرام۔ مقل مصفی 300 گرام۔ تربد سفید مجوف 200 گرام۔ خردل (رائی) 50 گرام سفوف سازند

مقدار خوراک: 1/2 گرام سے ایک گرام تک ہمراہ اطریفل کشنیزی، آب تازہ

فوائد: ریح البواسیر قبض وغیرہ میں مفید ہے۔

54- سفوف مہزل

اجوائن دیسی 200 گرام۔ بادیان 200 گرام۔ زیرہ سیاہ 200 گرام۔ برگ سداب 200 گرام۔ پودینہ 200 گرام۔ دانہ لاکھ 150 گرام۔ بورہ ارمنی 60 گرام

مقدار خوراک: ایک گرام سے 2 گرام تک ہمراہ آب تازہ

فوائد: برائے سمن مفرط وغیرہ

55- سفوف مصفی

برگ نیم 100 گرام۔ چاکسو 100 گرام۔ کشنیز 100 گرام۔ برگ شاہترہ 100 گرام۔ گندھک آملہ سار 100 گرام۔ باریک سفوف سازند

مقدار خوراک: 1/2 گرام سے ایک گرام ہمراہ آب تازہ

فوائد: مصفی خون، خارش وغیرہ میں مفید ہے۔

56- سفوف تبخیری

بادیان 250 گرام۔ کشنیز 250 گرام۔ الائچی خرد 250 گرام۔ طباشیر 350 گرام۔ آملہ 250 گرام۔ باریک

سفوف سازند

مقدار خوراک: 1 گرام سے 2 گرام تک ہمراہ آب تازہ

فوائد: تبخیر معدہ میں مفید ہے۔

57- سفوف آذاراقی

کچلہ مدبر 100 گرام۔ فلفل سیاہ 50 گرام۔ فلفل دراز 50 گرام۔ زنجبیل 50 گرام۔ گندھک آملہ سار 50 گرام۔ کلونجی 50 گرام۔ دار چینی 50 گرام۔ سہاگہ بریان 50 گرام۔ جدوار شریں 50 گرام۔ ریوند خطائی 50 گرام۔ باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: 1/2 گرام سے 1/3 گرام تک ہمراہ مناسب بدرقہ

فوائد: مقوی اعصاب، وجع اعصاب، دائمی نزلہ زکام وغیرہ میں مفید ہے۔

58- سفوف جالینوس

سنبل الطیب 25 گرام۔ الائچی خرد 25 گرام۔ تج 25 گرام۔ دار چینی 25 گرام۔ خولنجان 25 گرام۔ قرنفل 25 گرام۔ سعد کوفی 25 گرام۔ زنجبیل 25 گرام۔ فلفل سیاہ 25 گرام۔ فلفل دراز 25 گرام۔ قسط شیریں 25 گرام۔ عود بلسان 25 گرام۔ اسارون 25 گرام۔ حب آلاس 25 گرام۔ چرائتہ شیریں 25 گرام۔ زعفران مونگرہ 25 گرام۔ مصطگی رومی 60 گرام۔

ترکیب تیاری: مقدار خوراک، فوائد بمطابق جوارش جالینوس، ذیابیطس میں مستعمل ہے۔

59- سفوف برص

بابچی 100 گرام۔ تخم پنواڑ 100 گرام۔ گندھک آملہ سار 100 گرام۔ چاکسو 100 گرام۔ کشنیز 100 گرام۔ چوب چینی 100 گرام۔ باریک سفوف سازند

مقدار خوراک: 1 تا 2 گرام ہمراہ آب تازہ

فوائد: برص (پھلبہری) میں مفید ہے۔

60- سفوف مغلظ

مغز تخم تمرہندی کلاں 100 گرام۔ ستاور 100 گرام۔ بیج بند سرخ 100 گرام۔ تالمکھانہ 100 گرام۔ اندرجو شیریں 100 گرام۔ بدھارا 100 گرام۔ تخم لاجونتی 100 گرام۔ اسگند ناگوری 100 گرام۔ بہمن سفید 100 گرام۔ قند سفید 100 گرام۔ سفوف سازند

مقدار خوراک: 1 تا 3 گرام ہمراہ شیر گاؤ

فوائد: رقت منی۔ جریان۔ سرعت انزال وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

61- سفوف کاکڑا سنگی

کاکڑا سنگی 100 گرام۔ باریک سفوف سازند

مقدار خوراک: 1/2 تا 1 گرام در شہد

فوائد: سعال شیتہ میں مفید ہے۔

62- سفوف قلاع

کباب چینی۔ الائچی خرد۔ کشنیز۔ طباشیر۔ مامیراں چینی۔ صندرس۔ کافور۔ گاؤزبان سوختہ۔ کتھ سفید عمدہ۔ ہموزن باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گرام تک منہ میں چھڑکیں۔

فوائد: قلاع کی اکثر اقسام میں مفید ہے۔

63- سفوف اورام حلق

عدس مسلم۔ تخم حلبہ۔ قشر اخروٹ۔ تخم کتان۔ ہموزن باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: 3 گرام تک گرم پانی میں جوش دے کر نیم گرم بقدر ضرورت نمک شامل کر کے غرغرہ

کریں۔ قبل از غذا۔

فوائد: اورام حلق میں مفید ہے۔

64۔ سفوف طباشیر

طباشیر کبود 50 گرام۔ کشنیز 50 گرام۔ برادہ صندل سفید 50 گرام۔ دانہ الائچی خرد 50 گرام۔ کہربا شمعی 50 گرام۔ صدف مروارید 10 گرام۔ نارجیل دریائی 10 گرام۔ باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: آدھا گرام سے ایک گرام تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: مفرح و مقوی قلب۔ تبخیر معدہ۔ اسہال صفراوی۔

65۔ سفوف جوہر معدہ

نوشادر ٹھیکری۔ نمک سیاہ۔ فلفل سیاہ۔ دانہ الائچی خرد۔ ہموزن باریک سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: آدھا گرام سے ایک گرام تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: اسہال' بدہضمی۔ مقوی معدہ۔ مشتہی۔ ضعف جگر و معدہ میں مفید ہے۔

66۔ سفوف ضماد اورام احشاء

سنبل الطیب 50 گرام۔ گل بابونہ تلخ 50 گرام۔ اکلیل الملک 50 گرام۔ مصبر سیاہ 50 گرام۔ تخم خطمی 50 گرام۔ جدوار شیریں 75 گرام۔ باریک سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: بقدر ضرورت آب مکو سبز میں حل کر کے لیپ کریں۔

فوائد: نافع اورام احشاء ہے۔

67۔ سفوف سوزاک کہنہ

گندھک آملہ سار مصفیٰ 100 گرام۔ پھٹکری سفید 50 گرام۔ باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: آدھا گرام تک ہمراہ مکھن دیں۔

فوائد: سوزاک پرانا۔ قرح مثانہ میں مفید ہے۔

68- سفوف آملہ

آملہ مصفی۔ بادیان۔ دانہ الائچی کلاں۔ سوڈا خوردنی۔ ہم وزن سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ضعف ہضم۔ کثرت تیزابیت۔ ثبور معدہ۔ سوزش مری۔

69- سفوف زرنباد

پکھان بید 100 گرام۔ زرنباد 100 گرام۔ مصطگی رومی 25 گرام۔ حسب دستور باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گرام سے دو گرام تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: مقوی معدہ۔ ثبور معدہ۔ ضعف معدہ۔

70- سفوف عقر

بہمن سفید۔ ناگ کیسر۔ برادہ دندان فیل۔ قند سفید ہموزن باریک سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام سے دو گرام ہمراہ دودھ۔

فوائد: بانجھ پن۔ ورم رحم۔ سیلان الرحم۔ عنق الرحم۔ غرض یہ کہ بے اولاد عورتوں کے لئے مفید ہے۔

71- سفوف بدھارا

اسگند ناگوری۔ بدھارا۔ ستاور۔ اندرجو شیریں۔ قند سفید ہم وزن سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام سے دو گرام تک ہمراہ دودھ۔

فوائد: جریان مزمن کو روکتا اور کرم منی کی تعداد میں اضافہ کرتا ہے اور نئے کرم منی بھی پیدا کرتا ہے۔

عقیم افراد کے لئے مفید ہے۔

72- سفوف گیسو دراز

آملہ خشک مصفی۔ سکاکاہی۔ کشنیز۔ ہموزن سفوف تیار کریں۔

طریق استعمال: 6 گرام دہی میں ملا کر سر پر لگا کر نہا لیں۔

فوائد: سکری۔ بال جھڑنے۔ بالوں کی قدرتی سیاہی کو قائم رکھتا ہے۔

73- قرص حابس الدم

بیل گری 100گرام۔ حب آلاس 100گرام۔ گلنار 100 گرام۔ کہربا شمعی 25 گرام۔ قرص 1 گرام کا تیار کریں۔

مقدار خوراک: 1 تا 2 قرص صبح دوپہر شام ہمراہ شربت انجبار

فوائد: زحیر، کثرت الطمث سیلان الرحم، استحاضہ وغیرہ میں مفید ہے۔

74- قرص ذیابیطس

صندل سفید 20 گرام۔ تخم کاہو 75 گرام۔ تخم خرفہ 75 گرام۔ گل ارمنی 20 گرام۔ رب السوس 30 گرام۔ مشک کافور 5 گرام۔ طباشیر 30 گرام۔ بیج بند سرخ 20 گرام۔ کشنیز 20 گرام۔ گلنار 20 گرام۔ سماق دانہ 20 گرام۔ صمغ عربی 20 گرام۔ قرص بقدر 1/2 گرام تیار کریں۔

مقدار خوراک: 2-2 قرص صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ

فوائد: برائے ذیابیطس شکری

75- قیروطی جدید

موم دیسی 100 گرام۔ روغن کنجد 300 گرام۔ روغن عجیب 10 گرام۔ روغن کنجد گرم کریں موم حل کریں ٹھنڈا ہونے پر روغن عجیب شامل کریں۔

استعمال: بوقت ضرورت سینہ، پسلیوں پر نیم گرم مالش کریں۔

فوائد: ذات الجنب میں مفید ہے۔

76- کشتہ فولاد ترکیب تیاری

برادہ آہن (فولاد) بقدر ضرورت لیکر ایک روغنی ہانڈی میں ڈالیں، خالص سرکہ انگوری میں تر کر کے ڈھانک کر رکھیں خشک ہونے پر آب تربوز سے تر کریں، آب جامن، آب انار سرخ ترش، آب لیموں یکے بعد دیگرے ڈالیں اور خشک کریں، بغیر آنچ کشتہ تیار ہو جائے گا، کپڑے میں چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: 1/8 گرام تا 1/4 گرام ادویہ مرکبہ میں ملا کر مکھن بالائی میں لپیٹ کر استعمال کرائیں۔

فوائد: ضعف جگر، کمی خون، سرخ ذرات کی کمی کو دور کرتا ہے۔

77- کشتہ بیخ مرجان ترکیب تیاری

بقدر ضرورت لیکر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے 3 کلو کوئلہ 50 عدد اوپلے کی آنچ دیں، ٹھنڈا ہونے پر باریک پیس کر عرق بید مشک، عرق گلاب، عرق کیوڑہ کسی ایک کو شامل کر کے کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: 2 گرین سے 4 گرین ہمراہ مناسب بدرقہ

فوائد: ضعف قلب و دماغ میں مفید ہے۔

78- کشتہ صدف مروارید ترکیب تیاری درج بالا کشتہ بیخ مرجان تیار کریں

مقدار خوراک: 1/8 گرام خمیرہ گاؤ زبان سادہ میں ملا کر صبح و شام دیں

فوائد: ضعف قلب و دماغ میں مفید ہے کیلشیم کی کمی کو دور کرتا ہے۔

79- کشتہ ابرک سیاہ

ترکیب تیاری: ابرک سیاہ بقدر ضرورت لیکر آب گلو، آب نیم میں باری باری کھرل کرکے حسب معمول کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے 100 عدد اوپلے 3 کلو کوئلہ لکڑی کی آنچ دیں ٹھنڈا ہونے پر کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: 1/8 گرام ہمراہ خمیرہ گاؤ زبان یا مناسب بدرقہ

فوائد: حمی دق۔ ضیق النفس میں مفید ہے۔

80- کشتہ مثلث (سہ دھاتہ): ترکیب تیاری، مقدار خوراک فوائد بمطابق قرابا دین (بیاض کبیر حصہ دوم)۔

81- کشتہ بیضہ مرغ =

ترکیب تیاری: استعمال، مقدار خوراک فوائد، بمطابق قرابا دین (حصہ دوم بیاض کبیر)۔

82- کشتہ قرن الایل (بارہ سنگھا)

ترکیب تیاری: استعمال، مقدار خوراک فوائد، بمطابق قربادین۔ (حصہ دوم بیاض کبیر)۔

83- کشتہ سنکھ (حلزون)

ترکیب تیاری: بقدر ضرورت سنکھ لیکر دہکتے کوئلہ کی آگ پر گرم کریں اور آب لیموں میں بجھائیں بعد میں باریک پیس کر آب لیموں میں کھرل کرکے حسب معمول گل حکمت کرکے آنچ دیں۔

مقدار خوراک: 1/8 گرین ہمراہ مناسب بدرقہ

فوائد: حمیات، زہریلے مادوں کا تریاق ہے۔

84- کشتہ سنگ جراحت= ترکیب تیاری:

بقدر ضرورت لیکر گل حکمت کر کے آنچ دیں اور ٹھنڈا ہونے پر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: 1/2 گرام سے 1 گرام تک ہمراہ مناسب بدرقہ

فوائد: حابس الدم، سیلان، جریان، مرض استخاضہ وغیرہ میں مفید ہے۔

85- کشتہ ابرک سفید

ترکیب تیاری، مقدار، خوراک، فوائد بمطابق (قرابادین) بیاض کبیر حصہ دوم۔

86- کشتہ قلعی

ترکیب تیاری، مقدار، خوراک، فوائد بمطابق (قرابادین) بیاض کبیر حصہ دوم۔

87- کشتہ حجر الیہود

ترکیب تیاری، مقدار، خوراک، فوائد بمطابق (قرابادین) بیاض کبیر حصہ دوم۔

88- کحل مجلی

نبات سفید 15 گرام۔ فلفل سیاہ 35 گرام۔ دانہ الائچی خرد 35 گرام۔ سنگ بصری 35 گرام۔ مغز تخم سرس 35 گرام۔ پھٹکری سفید 35 گرام۔ شیشہ نمک 35 گرام۔ خرمہرہ زرد 80 عدد۔ مثل سرمہ مانند غبار کھرل کر کے تیار کریں۔

ترکیب استعمال: سرمہ کی طرح سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

89- کحل مقوی

سرمہ سیاہ 60 گرام۔ سونا مکھی 40 گرام۔ تخم نیل 10 گرام باریک کر کے عرق گلاب میں خوب کھرل کریں تاکہ چمک ختم اور مانند غبار ہو جائے

ترکیب استعمال: سرمہ کی طرح آنکھ میں رات کو لگائیں

فوائد: مقوی بصر ہے۔

90- لعوق سپستان

سپستان 100 گرام۔ عناب 100 گرام۔ کوکنار 100 گرام۔ اصل السوس 50 گرام۔ تخم خطمی 25 گرام۔ تخم خیا رین 25 گرام۔ بیدانہ شیریں 10 گرام۔ مغز املتاس 200 گرام۔ جو مقشر 50 گرام۔ جوشاندہ قند سفید 2 کلو۔ (مغز بادام 50 گرام۔ خشخاش 50 گرام۔ صمغ عربی 10 گرام۔ کیرا 10 گرام۔ رب السوس 10 گرام۔ سفوف سازند حسب دستور قوام تیار کریں کرکے ملا لیں۔

مقدار خوراک و فوائد: بمطابق قرابادین (بیاض کبیر حصہ دوم)

91- معجون ملین

گل قند 1 کلو۔ سقمونیا ولایتی 60 گرام۔ باہم مخلوط کریں۔

مقدار خوراک: 3 گرام سے 7 گرام تک ہمراہ دودھ نیم گرم

فوائد: قبض کشا، زیادہ مقدار میں دست آور ہے، اخلاط ثلاثہ کا مخرج ہے۔

نوٹ:۔ رات سوتے وقت دینا مناسب ہے۔

92- معجون عشبہ

عشبہ 20 گرام۔ بسفائج 20 گرام۔ افتیمون ولایتی 20 گرام۔ گاؤ زبان 20 گرام۔ کباب چینی 20 گرام۔ دار چینی 30 گرام۔ گل سرخ مصفی 30 گرام۔ چوب چینی 30 گرام۔ صندل سرخ 30 گرام۔ صندل سفید 30 گرام۔ سنا مکی صاف 40 گرام۔ پوست بلیلہ 10 گرام۔ سنبل الطیب 10 گرام۔ ہلیلہ سیاہ 5 گرام۔ پوست ہلیلہ زرد 5 گرام۔ قند سفید 600 گرام۔ شہد 400 گرام۔ حسب معمول معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: 6 گرام سے 10 گرام تک ہمراہ مناسب بدرقہ

فوائد: جوڑوں کے درد، آتشک، بواسیر، خارش، فساد خون میں مفید ہے۔

93- معجون فلاسفہ

گل بابونہ شیریں 75 گرام- زنجبیل 50 گرام- فلفل سیاہ 50 گرام- فلفل دراز 50 گرام- آملہ مقشر 50 گرام- ہلیلہ سیاہ 50 گرام- شیطرج ہندی 50 گرام- زراوند مدحرج 50 گرام- ثعلب مصری 50 گرام- مغز چلغوزہ 50 گرام- ناریل (گری) 50 گرام- مویز منقہ 150 گرام- شہد خالص ڈیڑھ کلو- حسب معمول معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: 6 گرام صبح ہمراہ عرق بادیان یا مناسب بدرقہ

فوائد: مقوی باہ- مولد منی، دل و دماغ کو قوت دیتی ہاضمہ کو درست کرتی بھوک لگاتی اور فرحت پیدا کرتی ہے- نسیان، کثرت بول، درد کمر، درد گردہ، اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے، بلغم خارج کرتی، دانتوں کو مضبوط بناتی، منہ کی بدبو کو زائل کرتی ہے، طب یونانی کی مشہور معجون ہے۔

نوٹ:- گل بابونہ تلخ نہ ڈالا جائے گل بابونہ شیریں بازار میں دستیاب ہے۔

94- معجون دبید الورد

سنبل الطیب 10 گرام- مصطگی رومی 10 گرام- زعفران مونگرہ 10 گرام- دار چینی 10 گرام- اذخر مکی 10 گرام- اسارون 10 گرام- قسط شیریں 10 گرام- گل غافث 10 گرام- تخم کشوث 10 گرام- مجیٹھ 10 گرام- دانہ لاکھ 10 گرام- تخم کاسنی 10 گرام- تخم کرفس 10 گرام- زراوند طویل 10 گرام- حب بلسان 10 گرام- عود ہندی غرقی 10 گرام- قرنفل 10 گرام- دانہ الائچی خرد 10 گرام- گل سرخ مصفی 180 گرام- شہد خالص کف گرفتہ ایک کلو گرام، حسب معمول معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: 5 گرام سے 7 گرام تک ہمراہ عرق بادیان، برنجاسف شربت دینار آب تازہ

فوائد: استسقاء، ورم کبد، ضعف معدہ، درد رحم

95- معجون سورنجان

تخم کرفس 15 گرام- بادیان 15 گرام- سمندر جھاگ 15 گرام- فلفل سفید 15 گرام- صعتر فارسی 15 گرام۔

گل سرخ 30 گرام۔ کشنیز 30 گرام۔ زنجبیل 30 گرام۔ سقمونیا 30 گرام۔ نمک سیاہ 15 گرام۔ برگ حنا 15 گرام۔ بوزیدان 25 گرام۔ شیطرج ہندی 25 گرام۔ ماہی زہرج 25 گرام۔ پوست ہلیلہ زرد 90 گرام۔ تربد سفید مجوف 180 گرام۔ روغن بادام 120 گرام۔ شہد خالص 1 کلو 800 گرام۔ حسب معمول معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: 7 گرام تک ہمراہ آب تازہ یا مناسب بدرقہ

فوائد: گٹھیا، نقرس، عرق النساء، کے دردوں نیز بلغمی امراض کے لئے مفید ہے۔

96- معجون آذاراقی

کچلہ مدبر 75گرام۔ برگ گاؤ زبان مصفی 60 گرام۔ مغز چلغوزہ 45 گرام۔ ناریل گری 45 گرام۔ اسطوخودوس 45 گرام۔ کتیرا گوند 45 گرام۔ الائچی خرد 45 گرام۔ قرنفل 15 گرام۔ زر نبار 30 گرام۔ شقاقل مصری 30 گرام۔ صندل سفید 30 گرام۔ آملہ مقشر30 گرام۔ ہلیلہ سیاہ 30 گرام۔ عود ہندی 15 گرام۔ شہد خالص ڈیڑھ کلو حسب معمول معجون تیار کریں۔

مقدارخوراک: ایک گرام سے 5 گرام تک ہمراہ عرق گاؤ زبان، مرض آتشک میں عرق عشبہ سے دیں

فوائد: فالج، لقوہ، رعشہ، وجع المفاصل، گنھٹیا کے لئے مفید ہے۔ صرع، اختلاج معدہ، اور آتشک میں مفید ہے، موسم سرما میں بوڑھوں کے واسطے نعمت ہے۔

97- مرہم داخلیون

مردار سنگ 75 گرام۔ باریک سفوف سازند۔ تخم کنوچہ 25 گرام۔ تخم کتان 25 گرام۔ اسپغول مسلم 25 گرام۔ تخم حلبہ 25 گرام۔ تخم خطمی 25 گرام۔ جملہ تخم رات کو گرم پانی میں بھگو دیں صبح مل چھان کر لعاب حاصل کریں، 150 گرام روغن زیتون یا روغن کنجد۔ 150 گرام کڑاہی میں ڈال کر پکائیں اور مردارسنگ شامل کریں سیاہی مائل ہونے پر اتار کر تھوڑا تھوڑا لعاب شامل کریں، اور دوبارہ پکائیں لعاب جذب ہوکر قوام سیاہی مائل گاڑھا ہو جائے گا نیچے اتار کر لوہے کے دستہ سے خوب گھوٹیں مرہم تیار ہو جائے گا

Scanned by CamScanner

فوائد: ورم رحم میں اندرونی استعمال کے لئے، عظم غدد، خنازیر، وغیرہ میں بیرونی طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

قراباذین (حصہ دوم بیاض کبیر) کے مطابق عمل کریں۔

98- مرہم کافوری

مشک کافور 5 گرام۔ سفیدہ کاشغری 200 گرام۔ سندھور 20 گرام۔ موم سفید 200 گرام۔ روغن کنجد 400 گرام۔ حسب معمول مرہم تیار کریں۔

فوائد: عام زخموں اور مستورات کے اندرونی امراض جلن سوزش وغیرہ میں مفید ہے۔

99- مرہم رال

رال سفید 100 گرام۔ سفوف سازند، روغن کنجد 200 گرام۔ حسب دستور مرہم بنائیں

فوائد: برائے جلن، جھلسن

100- مرہم گندھک

گندھک آملہ سار 50 گرام سفوف شدہ۔ روغن کنجد 200 گرام۔ موم سفید 100 گرام حسب دستور مرہم تیار کریں۔

فوائد: جلدی خارش و زخم وغیرہ میں مفید ہے۔

101- مرہم سیماب (مرہم سیاہ)

سیماب (پارہ) 10 گرام۔ گندھک آملہ سار 10 گرام۔ دونوں کو خوب کھرل کریں۔ سفوف زنگار اصلی 40 گرام۔ بیروزہ تر مصفی 60 گرام۔ باہم مخلوط کریں

ترکیب استعمال و فوائد: بقدر ضرورت پھایہ بنا کر مرہم زخم پر لگائیں، منقی، مدمل قروح ہر قسم میں مفید ہے۔

102- محلول شفاء' (روغن عجیب' امرت دھارا)

ست پودینہ 50 گرام۔ ست اجوائن 50 گرام۔ مشک کافور 50 گرام۔ باہم مخلوط کریں۔

ترکیب استعمال و فوائد: مقدار خوراک وغیرہ بمطابق قرابا دین' بیاض کبیر حصہ دوم میں عرق عجیب کے نام سے) موسوم و تحریر ہے۔

103- محلول سنون

روغن قرنفل 50 گرام۔ ٹنکچر آیوڈین 50 گرام۔ سپرٹ متھلیٹڈ 50 گرام۔ ست پودینہ 6 گرام۔ ست اجوائن 6 گرام باہم مخلوط کریں۔

ترکیب استعمال: بقدر ضرورت دانت و مسوڑھوں پر لگائیں

فوائد: وجع السنان' پائیوریا میں مفید ہے۔

104- محلول چشم

روح گلاب 350 گرام۔ شورہ قلمی 6 گرام۔ پھٹکری سفید بریان 18 گرام۔ باہم حل کرکے محفوظ رکھیں۔

استعمال و فوائد: بوقت ضرورت چند قطرے آنکھوں میں ٹپکائیں سرخی چشم' خارش چشم' وبائی امراض چشم میں مفید ہے۔

105- روغن جرب خاص

گندھک آملہ سار 60 گرام۔ روغن کنجد 500 گرام۔ کیسٹر آئل 500 گرام۔ مشک کافور 6 گرام۔

ترکیب تیاری: گندھک کو روغن کنجد میں ہلکی آنچ پر کافی دیر تک پکائیں' بعد میں کیسٹر آئل شامل کریں' ٹھنڈا ہونے پر کافور شامل کریں۔

فوائد و ترکیب استعمال: خارش' زخم مزمن میں نصف روغن سرسوں شامل کرکے لگائیں (روغن جرب۔ روغن سرسوں ملا کر)

106- روغن وجع المفاصل

سورنجاں شیریں 45 گرام۔ سورنجاں تلخ 45 گرام۔ عقر قرحا 30 گرام۔ مال کنگنی 15 گرام۔ کچلہ ثابت مقرض 15 گرام۔ روغن کنجد 600 گرام۔ حسب معمول روغن تیار کریں۔

ترکیب استعمال و فوائد: بقدر ضرورت نیم گرم مالش کریں، اوجاع مفاصل میں مفید ہے بطور طلاء مجرب ہے۔

107- روغن نیم۔ نسخہ و ترکیب تیاری

برگ نیم تازہ 50 گرام کوٹ کر ٹکیہ بنالیں، روغن کنجد 400 گرام میں پکائیں ٹکیہ سیاہ ہو جائے تو اتار کر ٹھنڈا ہونے پر چھان کر محفوظ رکھیں۔

فوائد: زخم عام، خارش جسم و اذن، بواسیر وغیرہ میں مفید ہے۔

108- روغن گوش

روغن نیم 100گرام۔ روغن رتن جوت 100 گرام۔ تخم جوز ماثل سیاہ 10 گرام۔ مشک کافور 3 گرام۔ ہر دو روغن میں جوز ماثل بریان کریں اور ٹھنڈا ہونے پر مشک کافور شامل کریں، چھان کر کام میں لائیں۔

فوائد: سیلان الاذن۔ وجع الاذن۔ زخم گوش میں مفید ہے۔

109- روغن رتن جوت

رتن جوت 50 گرام۔ مشک کافور 5 گرام۔ روغن کنجد 400 گرام۔

ترکیب و تیاری: روغن کنجد میں رتن جوت کو دس منٹ پکائیں ٹھنڈا ہونے پر کافور ملا کر چھان کر محفوظ رکھیں۔

فوائد: درد کان، اور جلے ہوئے عام زخموں کے لئے مفید ہے، نیم گرم چند قطرے کان میں ٹپکائیں۔

110- خارش پوڈر

کمیلہ اصل 100 گرام- گندھک آملہ سار 100 گرام- مردار سنگ 100 گرام باہم ملا کر سفوف تیار کریں-

ترکیب استعمال: بقدر ضرورت پوڈر روغن سرسوں، مکھن یا ویزلین وغیرہ میں ملا کر لگائیں-

فوائد: برائے خارش ہر قسم-

111- عرق گلاب: ترکیب تیاری، استعمال و فوائد بمطابق قرابادین بیاض کبیر (حصہ دوم)

112- عرق مصفی خون: ترکیب و تیاری، استعمال و فوائد بمطابق قرابادین بیاض کبیر (حصہ دوم)

113- عرق ہاضم: ترکیب تیاری، استعمال مقدار خوراک فوائد بمطابق (قرابادین)

114- جوشاندہ نمبر1 نزلہ حار

عناب ولایتی 5 عدد- بیدانہ شیریں 3 گرام- سپستان 7 عدد- برگ گاؤ زبان 4 گرام- حسب معمول جوشاندہ یا خیساندہ بقدر ضرورت قند شامل کر کے استعمال کریں-

115- جوشاندہ نمبر2 نزلہ بارد

گل بنفشہ 4 گرام- عناب ولایتی 5 عدد- سپستان 7 عدد- اصل السوس 4 گرام- نیم کوب برگ گاؤ زبان 4 گرام- تخم خطمی 4 گرام- تخم خبازی 4 گرام- مویز منقہ 5 عدد- انجیر زرد 1 عدد- حسب معمول جوش دیکر قند شامل کر کے استعمال کریں-

116- جوشاندہ نمبر3 خلل شکم

گل بنفشہ 4 گرام- بادیان 4 گرام- مویز منقہ 7 عدد- بیخ کاسنی 5 گرام- برگ گاؤ زبان 5 گرام- حسب معمول جوشاندہ استعمال کریں-

117- جوشاندہ ضیق النفس نمبر4

برگ گاؤ زبان 4 گرام۔ برگ اڑوسہ 4 گرام۔ عناب ولایتی 5 عدد۔ تخم کتان 4 گرام۔ ابریشم مقرض 3 گرام۔ گل زوفا 4 گرام۔ سوما کلپا 3 گرام۔ شہد یا قند بقدر ضرورت

118- جوشاندہ خاکسی نمبر5

برائے خسرہ، نزلہ و بخار عناب ولایتی 5 عدد۔ مویز منقہ 7 عدد۔ خاکسی 6 گرام۔ برگ گاؤ زبان 3 گرام۔ حسب معمول استعمال کریں۔

119- جوشاندہ مصفی خون نمبر6

چرائتہ تلخ 4 گرام۔ شاہترہ 4 گرام۔ عناب 5 عدد۔ گل منڈی 4 گرام۔ سرپھوکہ 4 گرام۔ گل نیلوفر 4 گرام۔ ہلیلہ سیاہ 6 گرام۔ نیم کوفتہ حسب معمول جوشاندہ یا خیساندہ استعمال کریں۔

120- جوشاندہ وجع المفاصل اوجاع نمبر7

سورنجاں شیریں 3 گرام۔ چوب چینی نیم کوفتہ 3 گرام۔ تخم خربوزہ 3 گرام۔ نیم کوفتہ 3 گرام۔ تخم خیارین نیم کوفتہ، اسگند نیم کوفتہ 3 گرام۔ عنب الثعلب 3 گرام۔ تخم کرفس 3 گرام۔ پوست ہلیلہ زرد 3 گرام۔ زنجبیل نیم کوفتہ 3 گرام۔ حسب معمول جوشاندہ بنا کر بقدر ضرورت قند شامل کر کے پئیں

121- جوشاندہ مدر حیض نمبر8

ابہل 4 گرام۔ مرمکی 3 گرام۔ پرسیاوشان 4 گرام۔ بیخ بادیان 4 گرام۔ عنب الثعلب 4 گرام۔ تخم گزر 3 گرام۔ پوست املتاس 5 گرام۔ حسب معمول صبح و شام جوشاندہ پلائیں۔

122- جوشاندہ ذوش نمبر9

برگ نیم 4 گرام۔ گل بابونہ تلخ 4 گرام۔ گل خطمی 4 گرام۔ جوش دیکر مرہم داخلیون کے استعمال سے پہلے

بذریعہ ڈاک (برائے شعبہ مستورات)

123-جوشاندہ نمبر 10

عنب الثعلب۔ پرسیاؤ شاں۔ تخم اذخر۔ تخم کاسنی۔ بادیان۔ خارخسک ہر ایک 5-5 گرام
ترکیب استعمال: جوشاندہ بنا کر بقدر ضرورت قند شامل کر کے صبح و شام قبل از غذا۔
فوائد: ورم رحم۔ سیلان الرحم میں مفید ہے۔

124-جوشاندہ نمبر 11

گل سرخ۔ بادر نجبویہ۔ گل نیلوفر۔ تخم بارتنگ۔ تخم خیارین۔ تخم کاہو۔ 5-5 گرام جوشاندہ۔
ترکیب استعمال: صبح و شام قبل از غذا۔
فوائد: فشار الدم قوی (ہائی بلڈ پریشر) کو فوری طور پر اعتدال پر لاتا ہے۔

مجربات حکیم محمد منظور احمد ملک صاحب جنرل سیکرٹری پاکستان طبی کانفرنس لاہور

1- اکسیر پیچش

گھاں اور پوست ہلیلہ زرد ہر ایک چھ چھ ماشہ لے کر سفوف تیار کریں اور چھ پڑیاں بنا کر ہر دو گھنٹے بعد ایک پڑیاں پانی سے کھائیں۔ انشاء اللہ چوتھی پڑیاں کے ساتھ پیچش ٹھیک ہو گی۔
ساری پڑیہ دن بھر میں کھالیں۔

2- وجع الکلیہ

نمک سیاہ چھ ماشہ باریک کر کے عرق گلاب 10 تولہ میں جوش دے کر نیم گرم پلائیں اور گھڑی رکھ کر دیکھ لیں پانچ منٹ کے اندر شدید سے شدید درد گردہ رک جائے گی اور مریض کو نیند آ جائے گی۔ اگر دوبارہ درد ہو تو یہی نسخہ دوبارہ دیں۔

3- وجع الفواد (کوڑی کا درد)

ہینگ اصلی چنے کے برابر مویز منقی میں لپیٹ کر گولی بنا لیں ایک گولی نیم گرم پانی سے دیں۔ شدت درد میں دو گولی دے سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آدھ گھنٹہ میں درد رک جائے گا۔ اگر درد نہ رکے تو آدھ گھنٹہ بعد دوسری خوراک دے دیں۔

4- جریان الدم

پھٹکری بریان ایک ماشہ پانی سے دینے سے نفث الدم۔ استحاضہ۔ رعاف۔ الغرض ہر قسم کا جریان خون رک جاتا ہے۔

5- پیشاب کی بندش

پراسٹیٹ گلینڈز جو ادھیڑ عمر اور سن رسیدہ افراد میں پیشاب کی رکاوٹ کا سبب بنتے ہیں اور کسی طرح

پیشاب نہیں آتا۔ اور اس کے لئے عموماً لوگ آپریشن کرا کر اس مرض سے نجات پاتے ہیں۔ اس کے لئے کئی موش باریک کر کے اس میں تھوڑا شورہ قلمی شامل کر کے مثانہ پر لیپ کر دیں۔ انشاء اللہ چند منٹوں میں پیشاب کھل کر آ جائے گا۔

اگر شورہ قلمی دستیاب نہ ہو سکے تو صرف پہلا جز ہی استعمال کر سکتے ہیں۔

6- نمونیہ

شیر خوار بچے کو نمونیا ہو تو دیسی انڈہ ابال کر اس کی زردی اور شہد ملا کر دیں۔ انشاء اللہ فوراً نمونیا کا درد رک جائے گا۔

7- ضیق النفس

اگر گھر میں کسی فرد کو دمہ ہو تو ان کو خرگوش پالنے کی ہدایت کریں۔ انشاء اللہ دمہ ٹھیک ہو جائے گا۔

8- مچھر سے نجات

گھر میں نازبو کے پودے اگائیں۔ گھر میں مچھر نہیں آئے گا۔

9- اختناق الرحم

یعنی ہسٹریا کے دورہ کے وقت مریضہ کے کان میں زور سے چیخ ماریں۔ دورہ ختم ہو جائے گا۔

10- شدت پیاس

گرمی کی شدت میں اگر پیاس شدید ہو اور بار بار پانی پی کر بھی پیاس نہ بجھے تو پانی میں ہلکا نمک ملا کر پلائیں، پیاس بجھ جائے گی۔

نوٹ: مندرجہ بالا نسخہ جات علاج بالتدبیر کے زمرہ میں آتے ہیں۔ جہاں ڈاکٹر و حکیم کوسوں دور ہوتے تھے لیکن آج بھی عمل میں لا سکتے ہیں۔

مجربات حکیم سید محمد مسعود صاحب بی اے۔

دواخانہ معین الشفا دہلوی۔ علامہ اقبال روڈ لاہور

1- نسخہ برائے ذکاوت حس۔ مغلظ مادہ منویہ

سمندر سوکھ۔ گوند کتیرا۔ ہموزن سفوف بنائیں۔ خوراک چھ ماشہ دودھ یا شربت میں حل کر کے صبح نہار منہ استعمال کریں۔

2- نسخہ برائے فشار الدم

برگ نیم۔ کچور ہم وزن سفوف بنا کر 2-3 ماشہ پانی کے ساتھ کھائیں۔

3- نسخہ برائے پیچش۔ اسہال

شنگرف، جدوار، افیون، ہموزن آب ادرک میں خوب کھرل کر کے حبوب بقدر مونگ بنا کر صبح و شام ایک گولی ہمراہ شربت انجبار یا لعاب اسپغول دیں۔

4- نسخہ برائے قروح معدہ و امعاء

سفیدی بیضہ مرغ 1 عدد۔ عرق گلاب 2 تولہ میں خوب حل کریں اور دودھ بقدر ضرورت ملا کر خوب حل کریں۔ کھانڈ حسب ذائقہ ملا لیں۔ غذا سے پہلے روغن زیتون 3 چمچہ استعمال کرنا زیادہ مفید ہے۔

5- نسخہ برائے ذیابیطس

سماق۔ تخم جامن۔ مغز املی۔ مغز تخم انبہ۔ حب الاس۔ جفت بلوط۔ برگ نیم۔ گلی ارمنی۔ کچور۔ بیج بند۔ گڑمار بوٹی۔ سب ادویہ ہموزن سفوف۔ بقدر 3 ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں زلال پنیر ڈوڈی۔ گل منڈی کے ساتھ استعمال کرنا زیادہ مفید ہے۔

6- نسخہ مقوی باہ

میٹھا تیلیہ مدبر- تخم تنب- قرنفل- مال کنگنی- (جلوتری) بسباسہ- کلونجی- قسط شیریں- عقرقرحا اندرجو شیریں- جوزبویہ- اجوائن خراسانی- دارچینی- ہموزن- سفوف بنا کر حبوب بقدر دانہ نخودی بنا کر دو گولی روزانہ دودھ کے ساتھ دیں-

مجربات حکیم سید امین الدین احمد صاحب 239- شادباغ لاہور

سفوف صداع ہمہ اقسام

گل اسطو خودوس 6 تولہ- کشنیز خشک 4 تولہ- فلفل سیاہ 3 ماشہ- کوٹ چھان کر سفوف بنائیں- 2-2 ماشہ صبح طلوع آفتاب سے آدھا گھنٹہ پیشتر اور غروب آفتاب سے آدھا گھنٹہ پہلے پانی سے دیں- اگر درد کی شدت ہو تو زوال آفتاب سے آدھا گھنٹہ پہلے بھی دیں-

2- معجون مقوی دماغ

مغز بادام شیریں- چہار مغز- تخم خشخاش سفید- تخم کشنیز خشک- ہلیلہ سیاہ- برہمی بوٹی- ہر ایک ہم وزن کوٹ چھان کر سہ چند قند سفید یا دو چند شہد کی مدد سے معجون بنائیں- مقدار خوراک 1 تولہ روزانہ صبح پانی سے کھائیں-

3- سفوف سیلان و جریان

بہمن سرخ، بہمن سفید، مازو سبز، ثعلب دانہ، موصلی سفید، موصلی سیاہ، ستاور، مغز تخم سرس سفید، گل پستہ بہروزہ خشک، بیج بند- تخم لاجونتی- سمندر سوکھ- پوست درخت مولسری- ثعلب مصری- تخم بالنگو- تخم بھنڈی- مغز تمرہندی- ثقاقل مصری- مغز تخم کونچ- تج- تخم سیاہ- تخم ریحان- زہر مہرہ خطائی- پکھان بید- ہر ایک ہم وزن اور کل ادویہ کے ہم وزن نبات سفید کوٹ چھان کر سفوف بنا کر 3-3 ماشہ صبح و شام گائے کے دودھ کے ساتھ کھلائیں- تیز مرچ مصالحہ ترش اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں-

4- بچوں کے سوکھے کے واسطے

ایک کلو روغن السی میں 250 گرام کچلہ جلا کر (کچلہ کے کوئلے کو دفن کر دیں) تیل کو چھان کر بوتل میں محفوظ رکھیں۔ دن میں دو مرتبہ شانوں (کندھوں) پر اور جڑوں کے نیچے ملا جائے۔ ایک بنگلہ پان پر سفیدی بیضہ مرغ طلا کر کے بچہ کی ریڑھ کی ہڈی (پوری پشت کی ریڑھ کی ہڈی) پر چپکا دی جائے اور اس بات کی احتیاط کی جائے کہ پان دو روز تک چپکا رہے۔ تیسرے روز ریڑھ کی ہڈی پر سے چھوٹے چھوٹے کیڑے نکلیں گے پھر مریض کو انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی۔

5- خنازیر کے واسطے

روغن السی سوا سیر میں سوا پاؤ بھلانواں جلا کر چھان کر خنازیر کی گلٹیوں پر پھریری سے لگائیں۔

6- مقوی باہ

ریگ ماہی 1 تولہ۔ زعفران 1 تولہ۔ دارچینی 1 تولہ۔ خولنجان 1 تولہ۔ فلفل دراز 1 تولہ۔ ریوند چینی 1 تولہ۔ کوٹ چھان کر عنبراشعب 3 ماشہ بعد میں حل کریں اور نخودی گولیاں بنا کر صبح و شام گائے کے دودھ کے ساتھ دیں۔

حکیم سید لیاقت سعید بی اے فاضل الطب والجراحت۔ زم زم دواخانہ' ہسپتال روڈ لاہور

1- نسخہ برائے امراض مایوسہ مثل امراض مجاری بول و آلات تناسل' و سوزاک و بول الدم' و سرفہ' و اورام بدنیہ' ورم جگر' و سیلان مردان و نسواں مجرب ہے۔

مقنہ' ابرک سفید یا سیاہ کو باریک کر کے عرق بوٹی کاک جنگی میں رات کو بھگو دیں اور صبح 3 گھنٹہ کھرل کریں۔ سبز رنگ کا کشتہ تیار ہو گا۔ بحفاظت شیشی میں رکھیں۔ ایک یا دو سرخ مکھن یا بالائی کے ساتھ یا پان میں کھلائیں۔

2- نسخہ برائے تقویت باہ و امساک

مفتہ، دانہ الائچی خرد، دارچینی، اسپند، ثعلب مصری، ہموزن کوفتہ بیختہ 3 ماشہ۔ 2 یا 3 زردی بیضہ نیم برشت۔ شکر اور روغن بادام یا روغن زرد کے ساتھ وقت عصر کھلائیں۔

3- نسخہ برائے جریان و احتلام و تقاطر

مفتہ، مازو 1 تولہ دم الاخوین 3 ماشہ۔ تخم جوزمائل 1 ماشہ۔ باریک کر کے نگاہ رکھیں۔ 1-2 سرخ شہد کے ساتھ کھلائیں۔

4- نسخہ برائے سلسل بول۔ تقطیر البول

سعد کوفی۔ کندر۔ ہموزن باریک کر کے بقدر 4 ماشہ صبح نہار منہ کھلائیں۔

5- نسخہ برائے قروح و جروح مجاری بول و آلات تناسل و سوزاک کہنہ

مفتہ۔ سنگ جراحت 1 تولہ۔ کو عرق گھیکوار میں 3 روز مسلسل کھرل کریں۔ خشک کر کے ٹکیہ بنا کر مٹی کے کوزے میں بند کر کے پانچ سیر اوپلوں میں آگ دے کر نکال لیں۔ پھر طباشیر اور قاقلین 6-6 ماشہ ملا کر کھرل کریں اور ہم وزن کھانڈ ملا کر 14 خوراک بنائیں۔ صبح اور وقت عصر دودھ یا لسی کے ساتھ کھلائیں۔ 7 یوم۔

6- نسخہ برائے سکون درد ہر قسم آشوب چشم و سوزاک

مفتہ۔ شب یمانی 5 تولہ کو کڑچھے میں پگھلا کر افیون خالص 1 تولہ اس پر چھڑک کر لوہے کی تیلی سے ہلائیں۔ سرد ہونے پر باریک کر کے 1-2 سرخ کے کیپسول بھر لیں۔ 6-7 گھنٹے تک سکون رہتا ہے۔

7- نسخہ برائے فساد خون۔ جذام۔ خارشت و شبور بدن

مفتہ۔ رسوت نرکچور۔ چاکسو۔ کتھہ سفید۔ کمیلہ۔ برگ حنا۔ صندل سرخ نکوہ 3 ماشہ۔ رات کو کورے برتن میں بھگو دیں۔ صبح چھان کر زلال پلا دیں اور پھوک باریک پیس کر داغوں یا دانوں پر لگائیں۔ دن میں

3 بار یہ عمل کریں۔

8- نسخہ برائے بواسیر بادی و مسان

فلفل سیاہ 6 ماشہ۔ زنجبیل 5 ماشہ۔ زیرہ سفید 4 ماشہ۔ نمک لاہوری 3 ماشہ۔ بادٰ بٹرنگ 2 ماشہ۔ انگوزہ 1 ماشہ۔ قند ماشہ۔ اجمود 11 ماشہ۔ چترک 10 ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد 9 ماشہ۔ کوٹ شیریں 8 ماشہ۔ فلفل دراز 7 ماشہ۔ سیاہ کہنہ 1 تولہ۔ باہم ملا کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔ 2 گولی سے 4 گولی صبح و شام کھلائیں۔

9- نسخہ برائے تحجر مفاصل

حلبہ۔ مغز بادام تلخ۔ اشق۔ مقل۔ ہموزن کو روغن حنا یا روغن کنجد یا روغن سوسن میں حل کر کے جوڑوں پر اور سخت اورام پر ضماد کریں۔ نہایت ہی نفع بخش ہے۔

معمولات مطب، و مجربات خصوصی۔ حکیم محمد سعید حسن نظامی دہلوی (کنوینر طبیہ کالج لاہور و شفاخانہ (انجمن حمایت اسلام) 16- ایک روڈ نئی انارکلی لاہور۔

1- نسخہ برائے ہیضہ

قشر بیخ عشر اور فلفل سیاہ ہموزن باہم کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔ 1-2 گولی عرق گلاب و بادیان و سکنجبین کے ساتھ کھلائیں۔ اسہال، قے و ہیضہ کا مایوس العلاج مریض جو قریب المرگ ہو۔ اس کے لئے شفا بخش ہے۔ نیز جملہ امراض باردہ، رطبہ، ریاحی، معدی و ہضم طعام و کسر ریاح اور نزلہ و زکام کے لئے ازبس مفید ہے۔

2- دوائے مخدر (شدت درد و الم میں استعمال کرائیں)

تخم کاہو۔ بزر البنج سفید۔ ہر ایک 3 تولہ۔ شیطرج۔ افیون ہر ایک 7 ماشہ۔ باہم کھرل کر کے مثل چلغوزہ حبوب بنائیں اور وقت ضرورت 1-2 کھلائیں۔

3- نسخہ برائے السر

اسہال مزمن۔ پیچ و قرح امعا و مقعدہ کے لئے بھی پر تاثیر ہے۔ پوست انار ترش۔ مازو۔ ہموزن باریک کر کے سرکہ میں جوش دیں تاکہ مہرہ ہو جائے۔ پھر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک 2-3 ماشہ صبح و شام۔

4- نسخہ برائے اعصابی کمزوری

کچلہ مدبر۔ بادام مقشر۔ مویز منقی۔ ہم وزن باہم سحق کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔ وقت شب 1-2 گولی دیں۔

5- قوت باہ و امساک

مرجان ایک تولہ۔ عروس آملہ سار 2 تولہ۔ عرق گھیکوار میں ایک دن کھرل کر کے مٹی کے کوزے میں بند کر کے 5 سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید نکلے گا۔ بعدہ کھرل کر کے 1 سرخ یہ دوا مکھن یا بالائی یا پان میں کھلائیں اور دودھ پلائیں۔ 2 ہفتے کا کورس ہے۔

6- نسخہ برائے فالج

تخم کثائی۔ پیپل۔ نمک سانبھر۔ اجوائن۔ کباب چینی۔ ہموزن کو باریک سحق کریں اور گھیکوار کے رس اور آکھ (مدار) کے پتوں کے پانی میں (اگر شیر مدار میسر ہو تو بہتر ہے) چند بار تر و خشک کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔ 1-1 گولی صبح و شام کھلائیں۔

7- روغن ریحان

ریحان سبز کا پانی 2 حصے۔ روغن کنجد 1 حصہ۔ دونوں کو ملا کر جوش دیں کہ پانی جل کر صرف تیل رہ جائے۔ فالج اور گھٹنے کے درد کو فائدہ دیتا ہے۔ اندرونی اور بیرونی طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

8- ہائی بلڈ پریشر

چوب چینی۔ اسرول۔ کشنیز خشک۔ ہموزن کو سفوف کر لیں۔ مقدار خوراک 4 سرخ تا 12 سرخ ہے۔ غلظت الدم۔ مالیخولیا۔ اور حدت میں بھی نہایت مفید ہے۔

9- قروح و جروح و سوزش آلات بول

بیج بند۔ خار خسک۔ سنگ جراحت۔ ہم وزن باریک کر کے ہموزن کھانڈ ملا لیں اور 3 ماشہ یہ دوا دن میں 3 بار کھلائیں۔ مناسب ہو گا کہ شربت بزوری معتدل یا دودھ کی لسی بھی استعمال کرائیں۔

10- نسخہ برائے پیچش

تخم ریحان کو روغن بادام یا روغن گاؤ سے چرب کر کے لوہے کے برتن میں بریاں کریں۔ احتیاط رہے کہ سوختہ نہ ہو جائے۔ پس باریک کر کے صمغ عربی اور پوست کوکنار نصف وزن ملا کر ہمراہ لعاب بہدانہ و اسپغول کھلائیں۔

11- نسخہ برائے ریاحی درد

حلتیت۔ مصبر۔ ہم وزن کو کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔ 1-2 عدد گرم پانی سے دیں۔

12- نسخہ برائے بخار

خاکسی 3 ماشہ۔ شب یمانی بریان 4 سرخ۔ گئو دنتی شگفتہ 2 سرخ ملا کر صبح دوپہر شام کھلائیں۔

13- سرعت

مغز تخم تمرہندی بریان باریک کر کے ہموزن مصری ملا کر بقدر 6 ماشہ دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ سرعت اور قوت باہ کے لئے عجیب الفعل ہے۔

14- استحاضہ

کشتہ فولاد سرد۔ آملہ سار مصفی۔ ہموزن کھرل کریں۔ بقدر 2-3 سرخ شیر گاؤ کے ساتھ دیں۔

15- نسخہ برائے ہڑپھوٹن (یعنی درد بندہا و تمام اعضا و استخوان ہا)

پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ بادیان۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ کالی زیری۔ مغز کرنجوہ۔ ہر ایک ہموزن۔ مویز منقی پانچ گنا۔ ان سب کی گولیاں بقدر نخود بنا کر 7 ماشہ روزنہ کھلائیں۔